© rasailojaraid.com

طنز و مزاح

س غ ر اقبالی

# زبان میری ہے بات انکی

۞ لغاری نے مرتضےٰ کو قتل کروایا (بے نظیر)

لغاری نے مرتضےٰ کو قتل کروایا تو بے نظیر نے کارروائی کیوں نہ کی (غنوی)

۞ میرے نوجوان مسرت شاہین کا انتظار کررہے ہیں (فضل الرحمن)

جو نوجوان میرا انتظار کر رہے ہیں وہ مولانا سے تنگ آئے ہوئے ہیں۔ شائستگی کا مظاہر کریں (مسرت شاہین)

۞ پرنس آغا خان کی بیٹی نے گورے ہوائے فرینڈ سے منگنی رچالی (ایک خبر)

مذہبی بہروپیوں اور پروہتوں کی اولاد ایسی ہوتی ہے!

۞ خصوصی عدالت کے جج چوہدری ظہور حسین رشوت لینے پر گرفتار (ایک خبر)

چودھری صاحب کورہا کرو، یہ جمہوریت اور عوام کی توہین ہے۔

۞ وزیراعظم ہاؤس میں اصطبل کی تعمیر، ہائیکورٹ نے تحقیقات کا حکم دے دیا (ایک خبر)

عدالت بے شک تحقیق کر لے، وزیر اعظم ہاؤس اصل میں اصطبل ہی ہے۔

۞ شریعت کسی قسم کی ہو اس پر بحث ہونی چاہیئے (عمران خان)

یعنی بیوی جمیما، شوہر عمران۔ پیسہ یہودی، الیکشن پاکستان

۞ اسمبلیاں توڑنے والے جمہوریت کے قاتل ہیں (جے سالک)

اسمبلیوں میں بیٹھنے والے کیا ہیں؟

۞ داتا دربار پر مسرت شاہین کی دستار بندی کی گئی (ایک خبر)

بندہ اور بندی دونوں بخشے گئے۔

۞ کھر فیملی کی غنڈہ گردی (ایک خبر)

یہ بھی کوئی خبر ہے؟

۞ سب کچھ وزیراعظم بے نظیر نے کیا ڈ، میرے بیٹے کو قربانی کا بکرا بنایا جارہا ہے (حاکم زرداری)

اللہ تعالیٰ قربانی قبول فرمائے (آمین)

۞ آصف زرداری کا ریمانڈ حاصل کرلیا گیا۔

چور ٗ ہ مال کھاتے نہ دیکھو۔ مار کھاتے دیکھو۔

۞ امن و امان کی صورت حال پر گورنر اور وزیراعلیٰ کا اظہار تشویش (ایک خبر)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

پاکستان کے پچاس برس حکمرانوں کے اظہار تشویش میں برباد ہوگئے۔

- مولانا آج آپ نے ہماری نماز قضا کرادی۔ (حافظ حسین احمد کی لمبی تقریر پر وسیم سجاد کے ریمارکس)

اناللہ و انا الیہ راجعون ہ

- کھر نے کتوں کے لئے چھ سرکاری گاڑیاں رکھیں۔ ("خبریں")

گاڑیاں اور کتے۔ مزارع بغیر چھت تُوں ستے!

- ۱۹۹۶ کے پہلا گیارہ ماہ لاہور میں شراب کی ۲۹ لاکھ بوتلیں خالی کر دی گئیں۔ (ایک خبر)

یہ تیرا پاکستان ہے یہ میرا پاکستان ہے۔

- پنجابی وزیر اعظم کی طرح سندھی وزیر اعظم کی اسمبلی بھی بحال کی جائے (بے نظیر)

مکار لومڑی سے اللہ بچائے۔

- مغربی پاکستان بچانے کے لئے مشرقی پاکستان کی قربانی دی (اے اے نیازی)

جھک ماری۔ کھے کھادی!

- لاشوں کی سیاست کی عادی بے نظیر کہیں خود نہ زرداری کو اڑا دے (ممتاز بھٹو)

کوئی مضائقہ نہیں!

- اظہر سہیل اپنے جرائم اور مظالم کی بناء پر احتساب کے کٹہرے میں کھڑے ہیں۔ (رمضان عادل)

صحافت کا "غریب راسپوٹین")

- گوجرانوالہ، چٹھوں نے کمی کی بیوی کو بے آبرو کر کے گاؤں بدر کر دیا۔ (ایک خبر)
- میلادی کھر نے شکار کے لئے پوری بستی کو نذر آتش کر دیا (دوسری خبر)
- لغاری سرداروں نے اپنی بیٹی کے محبوب ڈرائیور کی ماں ننگی نچادی۔ بھرے مجمع میں چودہ افراد کی زیادتی (تیسری خبر)

یا اللہ! کوئی حجاج بن یوسف ہی بھیج دے!

- عورت مرد ناکام۔ تیسری قوت کی ضرورت ہے (بیگم وسیم لون والی)

قوم کی یہ مجبوری ہے، تیسرا تجربہ ضروری ہے۔

- پوری امید ہے سپریم کورٹ ہماری حکومت بحال کر دے گی (بے نظیر)

بلی نوں چھیچھڑیاں دے خواب!

- لٹیرے گردنیں بچانے کے لئے ۳ فروری کے منتظر ہیں (معراج خالد)

یہی جمہوریت ہے۔

- بیرسٹر سلطان نے سلطانی گواہ بننے کا فیصلہ کر لیا (ایک خبر)

ہمنا کہا نہ کرتا۔



© rasailojaraid.com